**29.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

.........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ شہریوں کی تندرستی کو یقینی بنانے کیلئے حفظان صحت کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینا حکومت کی ترجیح ہے۔ انھوں نے دھنونتری جینتی اور نویں آیوروید دِن کے موقعے پر صحت شعبے کے کئی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

2۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ موقعے فراہم کرنے کی پابند ہے۔

3۔ مہاراشٹر میں ایک ہی مرحلے میں کرائے جانے والے اسمبلی انتخابات اور جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کے انتخابات کیلئے نامزدگی داخل کرنے کا کام ختم ہوگیا ہے۔

4۔ راجستھان کے سیکر ضلعے میں ایک سڑک حادثے میں 12 افراد ہلاک ہوگئے۔

5۔ اسرائیل نے ملک میں فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کی راحت اور کاموں کی ایجنسی کے کام کاج پر پابندی لگا دی ہے۔

6۔ اور خواتین کے ODI کرکٹ میں بھارت نے، احمد آباد میں نیو زیلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز دو-ایک سے جیت لی ہے۔ بھارتی بلے باز اسمرتی مندھانا نے سنچری بنائی ہے۔

.........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM - Ayurveda*

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ صحت دیکھ بھال کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنا، حکومت کی ترجیح ہے کیونکہ ملک کی ترقی اُس وقت تیز ہوجاتی ہے، جب اِس کے شہری صحت مند ہوتے ہیں۔ جناب نریندر مودی نے یہ بات، آج Dhanvantari جینتی اور نویں آیوروید دن کے موقع پر نئی دلّی میں 12 ہزار 850 کروڑ روپے مالیت کے صحت کے شعبے کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے اور سنگ بنیاد رکھتے ہوئے کہی۔

2100- PM Healtheir India

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ غریب کے مسائل ختم کرنے کیلئے حکومت نے آیوشمان بھارت یوجنا متعارف کرائی، جو غریب آدمی کے اسپتال کے علاج کا خرچ برداشت کرتی ہے جو کہ پانچ لاکھ روپے کی رقم کا ہے۔

اِس اسکیم کی توسیع پر اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ہر ایک عمر رسیدہ شخص اِس کا انتظار کر رہا تھا، اِس لیے اب ملک میں 70 سال سے زیادہ عمر کے افراد، آیوشمان Vaya وندنا کارڈ کے ذریعے اسپتال میں مفت علاج حاصل کرسکیں گے۔ علاج کے خرچ کو کم کرنے کی حکومت کی ترجیح کا اعادہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک بھر میں اُن 14 ہزار پی ایم جَن اوشدھی کیندروں کے آغاز کا ذکر کیا، جہاں ادویہ 80 فیصد مراعات کے ساتھ دستیاب ہیں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ ابتدائی تشخیص اور علاج کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ملک بھر میں 2 لاکھ سے زیادہ آیوشمان آریوگیہ مندر قائم کیے گئے ہیں۔

2100- PM Aarogya Mandir

وزیر اعظم نے اعلیٰ اثراتی سائنسی مطالعوں کے ذریعے روایتی ادویہ کی توثیق کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس بات کو واضح کرتے ہوئے کہ آیوشمان بھارت کی کامیابی نہ صرف صحت کے شعبے کو تبدیل کر رہی ہے بلکہ معیشت پر بھی اثر انداز ہو رہی ہے، وزیر اعظم نے بتایا کہ آیوش مینوفیکچرنگ کا شعبہ، 2014 میں 3 ارب ڈالر سے بڑھ کر صرف 10 سالوں میں یہ آج تقریباً 24 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس وقت بھارت میں 900 سے زیادہ آیوش اسٹارٹ اپس کام کر رہے ہیں، جو نوجوانوں کیلئے نئے مواقع وضع کر رہے ہیں۔

جناب مودی نے بھارت کے پہلے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف آیوروید کے دوسرے مرحلے کا بھی افتتاح کیا۔ اس میں ایک پنچ کرما اسپتال، ادویہ سازی کیلئے ایک آیوروید فارمیسی، ایک اسپورٹس میڈیسن یونٹ، ایک سینٹرل لائبریری، ایک آئی ٹی اور اسٹارٹ اپ Incubation سینٹر اور 500 سیٹوں والا آڈیٹوریم اور دیگر شامل ہیں۔x

## PM Rozgar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں، نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں کو 51 ہزار سے زیادہ تقررنامے جاری کئے۔ وزیر اعظم نے، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے خودکفیل بھارت پر خاص طور پر کام کیا ہے اور خلا کے شعبے سے لیکر الیکٹرک گاڑیوں تک کی نئی ٹیکنالوجی سمیت ہر شعبے میں میک اِن انڈیا کو فروغ دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ ملک، دنیا میں تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ حکومت ملک کے نوجوانوں کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ موقعے فراہم کرنے کی پابند ہے۔x

S/B 2100 PM Employment

## J&K Rozgar Mela

روزگار سے متعلق ایک اہم پہل کے تحت آج جموں کے کنوینشن سینٹر میں روزگار میلے کے دوسرے مرحلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں 105 امیدواروں کو تقرر نامے دیئے گئے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ نئے بھرتی کئے گئے امیدواروں نے مرکزی حکومت کے تئیں اپنے تشکر اور کام کے تئیں اپنے عزم کا اظہار کیا۔ جموں وکشمیر کی یہ تقریب، روزگار سے متعلق ملک گیر سطح پر جاری کوششوں کا ایک حصہ ہے جس میں ملک کے 40 مقامات پر 51 ہزار سے زیادہ تقررنامے تقسیم کئے گئے۔x

## Maha Nominations

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن، سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، کیونکہ مختلف پارٹیوں کے امیدوار مقررہ تاریخ سے پہلے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کیلئے پہنچے۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے..................

VC- Ankita Apte

شیو سینا کے امیدوار Milind Deora نے اپنے کاغذات نامزدگی وَرلی حلقے سے داخل کیے جہاں وہ شیو سینا (UBT) کے امیدوار آدتیہ ٹھاکرے کے خلاف میدان میں ہیں۔ کانگریس کے گوپال اگروال نے گونڈیا سے اپنے پرچے داخل کیے۔ شیو سینا (UBT) کے امیدوار انل گوٹے اور اُن کے حریف MIM کے فاروق شیخ نے Dhule سٹی سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ کانگریس کے دیپک ٹھاکرے نے ناگپور ویسٹ سے اور Shweta Mahale نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی Chikhali حلقے سے داخل کیے۔

شیو سینا کے دیپک Kesarkar اور شیو سینا (UBT) کے راجن تیلی اور دیگر نے Sawantwadi سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔

مہاراشٹر کے سابق وزیر نواب ملک نے بھی NCP کی جانب سے شیواجی نگر- Mankhurd سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔

BJP کے سابق رکن پارلیمنٹ بھوپال شٹی، سابق MLA اتل شاہ اور BJP کے پرکاش مہتا نے بالترتیب Borivali، Mumbadevi اور Ghatkopar ایسٹ سے آزاد امیدوار کے طور پر اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔

آکاشوانی نیوز ممبئی سے Ankita Apte کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Jharkhand Nominations

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ یہاں 20 نومبر کو اِس مرحلے میں 38 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال، کل کی جائے گی جبکہ امیدوار یکم نومبر تک اپنا نام واپس لے سکتے ہیں۔ دوسری جانب ریاست میں انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد 62 کاغذاتِ نامزدگی کو مسترد کر دیا گیا۔ اب 743 امیدوار میدان میں ہیں۔ امیدوار اپنا نام کل تک واپس لے سکتے ہیں۔

43 حلقوں میں پہلے مرحلے میں 13 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اسی دوران اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے تلاشی کی کارروائیوں کے دوران 86 کروڑ 32 لاکھ روپے سے زیادہ مالیت کا غیر قانونی مواد اور نقدی ریاست کے مختلف حصوں سے ضبط کی گئی ہے۔ مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کیلئے 20 ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ x

### WB Bye Election

مغربی بنگال میں 6 اسمبلی نشستوں کے ضمنی انتخابات کیلئے نام واپس لینے کا کل آخری دن ہے۔ آج کی فہرست کے مطابق مجموعی طور پر 43 امیدوار میدان میں ہیں۔ اِن حلقوں میں Madarihat ،Haroa، میدنی پور، Sitai ،Naihati اور Taldangra شامل ہیں۔ ووٹنگ 13 نومبر کو ہوگی۔ x

### Rajasthan Road Accident

راجستھان کے سیکر ضلعے میں آج دوپہر ایک سڑک حادثے میں 12 افراد ہلاک اور 25 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ مسافروں سے بھری ایک پرائیویٹ بس سالاسر سے نول گڑھ جارہی تھی کہ یہ حادثہ پیش آیا۔ بس کے ڈرائیور نے گاڑی پر سے اپنا کنٹرول کھودیا جس کے بعد یہ گاڑی، لکشمن گڑھ میں ایک پانی کے پائپ سے ٹکرا گئی۔

سیکر رینج کے پولیس کے انسپکٹر جنرل ستیندر چودھری نے بتایا کہ کچھ زخمیوں کو جے پور بھیج دیا گیا ہے جبکہ دیگر کا سیکر اسپتال میں علاج کیا جارہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرنے والوں میں زیادہ تر لوگ مقامی باشندے تھے۔

وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے اِس حادثے میں رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ افسران کو ہدایت دی گئی کہ وہ زخمیوں پر بہترین نگہداشت کو یقینی بنائیں۔x

### PM Sikar Accident

وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان کے سیکر ضلعے میں ایک بس حادثے میں جانوں کے نقصان پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے وزیر اعظم کے راحت فنڈ سے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے دو-دو لاکھ روپئے اور زخمیوں کیلئے پچاس-پچاس ہزار روپئے کی امدادی رقم کا اعلان کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے سبھی زخمیوں کیلئے جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔x

### J&K Accident

جموں وکشمیر میں آج کم از کم 30 مسافر جس میں زیادہ تر ایک نرسنگ کالج کے طلبا تھے اس وقت زخمی ہوگئے جب ایک پرائیویٹ مِنی بس اُدھم پور ضلع میں سڑک سے پھسل کر ایک کھائی میں جاگری، آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ مِنی بس سلماری سے اُدھم پور جاتے ہوئے آج سہ پہر Forma گاؤں کے پاس حادثہ کا شکار ہوگئی۔

اتھارٹی نے فوری طور پر بچاؤ کارروائی شروع کی اور زخمیوں کو اُدھم پور کے سرکاری میڈیکل کالج اسپتال میں بھیجا گیا۔ زخمیوں میں سے تین کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔

اُدھم پور کے ڈپٹی کمشنر Saloni Rai نے بتایا کہ اس مِنی بس میں 30 سے 35 مسافر سفر کر رہے تھے اور بریک فیل ہونے کی وجہ سے یہ منی بس کھائی میں جاگری۔ ایک دوسرے حادثے میں آج جموں شہر کے مضافات میں لگنے والی آگ میں بے گھر کشمیری پنڈتوں کے بارہ کوارٹر میں جل کر خاکستر ہوگئے۔ Purkhoo

مائیگرینٹ کیمپ کے علاقے میں پرانے کوارٹروں میں سے ایک میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا تھا جو جلد ہی بارہ کوارٹروں تک پہنچ گئی۔ اس واقعہ میں اب تک کوئی جانی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔x

## Dhanteras Festival

آج ملک بھر میں دھن تیرس کا تہوار نہایت ہی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس تہوار کے ساتھ ہی دیوالی، Narka Chaturdashi، کالی Chaudas، چھوٹی دیوالی، دیوالی، گوردھن پوجا اور بھائی دوج جیسے کئی تہواروں کی سلسلہ وار تقریبات شروع ہوجاتی ہیں۔ دھن تیرس کو دھن Trayodashi اور دھنونتری جینتی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ لوگ اس خاص موقع پر بھگوان دھنونتری، بھگوان Kuber اور دیوی لکشمی کی پوجا کرتے ہیں۔x

## Ayodhya Defpotsav

بھگوان رام کے شہر ایودھیا میں شاندار دیپوتسو کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اس دیپوتسو میں دنیا میں کسی گھاٹ پر جلائے گئے دِیوں کا ہر ایک پچھلا ریکارڈ ٹوٹ جائے گا۔ امید ہے کہ پورے ایودھیا میں 35 لاکھ سے زیادہ دِیے جلائے جائیں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ دیوالی ایک تاریخی دیوالی ہے کیونکہ ایودھیا میں بھگوان رام کے مندر میں ہزاروں دِیوں سے چراغاں کیا جائے گا اور اِس طرح یہ تقریبات بے مثال بن جائیں گی۔

اِسی دوران، اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج سبھی شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس موقع پر جشن منائیں اور کل اپنے گھروں میں دِیے جلائیں۔

اِس کے علاوہ، ایودھیا میں کل مقدس سریو ندی کے گھاٹوں پر 28 لاکھ دِیے جلاکر نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا جائے گا۔x

## Army Commanders Conference

فوج کے کمانڈروں کی کانفرنس کا دوسرا مرحلہ کل نئی دلّی میں اختتام پذیر ہوا۔ اِس دو روزہ کانفرنس میں بھارتی فوج کے سینئر افسران نے، اُن اہم دفاعی معاملات پر بات چیت کی، جو سرحدی سلامتی اور ساحل کے قریبی علاقوں سے متعلق ہیں۔

آج کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اُن پیچیدہ عالمی اور جغرافیائی وسیاسی حالات وواقعات کا خاص طور پر ذکر کیا جو بھارت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ انھوں نے مسلح فوجوں سے وابستہ، ملک کی امیدوں کا ذکر کیا اور موجودہ عالمی نظام میں پائے جانے والے ٹکراوٴ اور چیلنجوں کو دور کرنے کیلئے درکار تیاریوں کا ذکر کیا۔ انھوں نے بھارت کی دفاعی شبیہ کو تشکیل دینے میں تکنیکی پیشرفت اور موجودہ عالمی تنازعات سے حاصل کئے گئے تجربات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

پچھلے دو سال میں بھارتی فوج کے سینئر افسران   کارروائیوں اور انتظامی معاملات پر گہرائی کے ساتھ مذاکرات کرتے رہے ہیں۔

چیف آف ڈیفنس اسٹاف CDS اور جنرل انل چوہان نے سلامتی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے کارروائیوں میں اشتراک اور مختلف میدانوں میں مل کر کام کرنے کے طور طریقوں کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے اُبھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے کارروائی کی تیاریوں کی ضرورت کو دوہرایا اور جدید کاری اور حکمت عملی کو آزادانہ طور پر تیار کرنے کو ایک بنیادی مقصد بتایا۔

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دِنیش کے ترپاٹھی نے حاضرین جلسہ سے خطاب کیا۔ انھوں نے جغرافیائی وسیاسی منظرنامے، ٹیکنالوجی اور چھوٹے ہتھیاروں میں تیزی سے آتی ہوئی تبدیلیوں کا ذکر کیا۔ انھوں نے مسلح فوجوں کی اِس ضرورت پر زور دیا کہ وہ خاص طور پر، بحرِ ہند اور بھارت-بحرالکاہل خطوں میں اِن چیلنجوں، کے تئیں پہلے سے سرگرم اور حالات کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔

کانفرنس کے دوران، فوج کی قیادت نے سپاہیوں، سابقہ فوجیوں اور اُن کے کنبوں کیلئے فلاحی اقدامات اور مالی یقین دہانی کی اسکیموں پر بھی بات چیت کی، جبکہ گورنروں کے مختلف بورڈوں نے اِن اہم معاملات پر بات چیت کیلئے میٹنگ منعقد کی۔x

## Sardar Patel's 150th Birth Annniversary

سری لنکا میں بھارت کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے کولمبو میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی زندگی اور ورثے کی عکاسی کرتی ہوئی ایک فوٹو نمائش کا افتتاح کیا۔ یہ تقریب سردار پٹیل کی 150 ویں سالگرہ کو منا رہی ہے۔ نمائش میں سردار پٹیل کے سفر اور لچک کو اجاگر کیا گیا ہے، جن کا 'بھارت کے مردِ آہن' اور بھارت کے اتحاد کے کلیدی معمار کے طور پر احترام کیا جاتا ہے۔ افتتاح کے دوران ہائی کمشنر جھا نے اس بات کو اجاگر کیا کہ سردار پٹیل کے اتحاد اور حب الوطنی کے نظریات اب بھی قائم و دائم ہے۔ یہ نمائش، کولمبو کے Lionel Wendt آرٹ سینٹر میں 30 اکتوبر کی شام 7 بجے تک جاری رہے گی۔ x

## Run for Unity

مرکزی وزیر داخلہ امت نے آج صبح نئی دلّی میں میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے، رَن فار یونیٹی اتحاد کیلئے دوڑ کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

اِس تقریب کا انعقاد سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یومِ پیدائش کے موقع پر کیا جاتا ہے، جو 31 اکتوبر 1875 کو پیدا ہوئے تھے۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ یونیٹی رَن، نہ صرف ملک کو متحد رکھنے کیلئے ایک عہد ہے، بلکہ اب یہ وِکست بھارت کا عزم بھی بن گیا ہے۔x

### Isreal UNRWA

اسرائیل کی پارلیمنٹ Knesset نے ایک قانون کو منظوری دی ہے، جس کے تحت مشرق قریب میں فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کی راحت اور works کی ایجنسی UNRWA پر اسرائیل میں کوئی بھی کارروائی کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

120 اراکین پارلیمنٹ میں سے 92 کی حمایت کے ساتھ یہ نیا قانون، امریکہ اور بہت سے یوروپی ممالک کی مخالفت کے باوجود منظور کیا گیا ہے۔ یہ UNRWA کو اسرائیلی علاقے کے اندر کسی بھی طرح کی نمائندگی کرنے، خدمات فراہم کرنے یا دیگر سرگرمیوں پر پابندی عائد کرتا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں UNRWA کے کمشنر جنزل Philippe Lazzrini نے کہا ہے کہ UNRWA کے خلاف اسرائیلی پارلیمنٹ کا یہ قانون غیر متوقع ہے اور یہ ایک تشویشناک مثال قائم کرتا ہے۔ x

### Hezbollah New Chief

حزب اللہ نے اعلان کیا ہے کہ اُس کے بانی ممبروں میں سے ایک نعیم قاسم، اُس کے نئے سربراہ ہوں گے۔ حزب اللہ نے کہا کہ 71 سالہ قاسم، 1991 سے اِس لبنانی گروپ کے نائب سکریٹری جنزل کے طور پر خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ قاسم، حسن نصراللہ کی جگہ لیں گے، جن کی ایک ماہ سے زیادہ عرصہ پہلے، اسرائیل کی طرف سے کی گئی بمباری میں موت ہوگئی تھی۔

22 اکتوبر کو اسرائیل نے تصدیق کی تھی کہ اُس نے ہاشم صفی الدین کو بھی ہلاک کیا تھا جو تین ہفتے پہلے، بیروت میں سابق رہنما کے بظاہر جانشین تھا۔

### IND NZ Women cricket

خواتین کے کرکٹ میں آج شام آخری میچ میں بھارت نے مہمان ٹیم نیوزی لینڈ کو 6 وکٹ سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز، دو-ایک سے جیت لی ہے۔ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں 233 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے کھیلتے ہوئے بھارت نے Smriti Mandhana کی سنچری کی مدد سے 45 اوورس میں میچ ختم کر دیا۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے 232 رن بنائے، جس میں Brooke Halliday کے 86 رن شامل تھے۔ بھارت کی Deepti شرما نے 3 وکٹ لئے۔

سیریز کا افتتاحی میچ بھارت نے جیتا تھا، جبکہ مہمان ٹیم نے دوسرا میچ جیتا، جس میں اُسے بھارت کے خلاف 76 رن سے جیت حاصل ہوئی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆